NAGPURSTUDY.COM

KNT/KW/16/5077/5251/5301

**Bachelor of Science (B.Sc.)/BCA/B.Sc.(IT)**
**Semester—II (CBS)Examination**
**URDU**
**Paper—2**

Time : Three Hours] [Maximum Marks : 60

سوال نمبر۱ : درج ذیل میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ 12

۱۔ کردار سازی میں مادری زبان کی اہمیت

۲۔ سوشل میڈیا — ضرورت یا شوق

۳۔ نوجوان نسل ہی ملک کی تقدیر بدل سکتی ہے

۴۔ ہم نے کتّا پالا (مزاحیہ)

سوال نمبر۲ : (الف) درج ذیل کا مفصل جواب تحریر کیجیے۔ 6

۱۔ افسانہ ' امتحان' سے ہمیں کیا نصیحت حاصل ہوتی ہے؟

یا

۲۔ سید حامد کی نظر میں اعلیٰ کردار کے لیے کن اوصاف کا ہونا ضروری ہے؟

(ب) درج ذیل کا مفصل جواب لکھیے۔ 6

۱۔ حضرت ابو بکر صدیق اپنے جذبات کا اظہار کس طرح کرتے ہیں؟

یا

۲۔ حضرت علی اکبر کی شہادت پر اہل بیت کا کیا حال ہوتا ہے؟



rtmnuonline.com

NagpurStudy.com

سوال نمبر۳ : (الف) درج ذیل سوالات کے مختصراً جوابات تحریر کیجیے۔ 6

۱۔ برہمن نے مہارانا پرتاپ سے کیا کہا ؟

۲۔ کن فارسی شاعروں کے کلام کا حالی نے ذکر کیا ہے اور کیوں؟

یا

۳۔ راجکماری چمپاوتی اپنے بھائی کا خیال کس طرح رکھتی ہے؟

۴۔ غزل میں زندگی کی عکاسی کے متعلق حالی کی کیا رائے ہے؟

(ب) ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے۔ 6

۱۔ درمدحِ پھول (قصیدہ)

۲۔ پھول کا چوری ہونا (مثنوی)

سوال نمبر۴ : (الف) درجِ ذیل اشعار کی تشریح بحوالہ شاعر کیجیے۔ 6

۱۔ یہی نہیں ہے کہ سب سے جدا سا لگتا ہے
وہ جب بھی ملتا ہے بالکل نیا سا لگتا ہے
وہ شخص دور سے کتنا قریب لگتا تھا
گلے لگا ہے تو اک فاصلہ سا لگتا ہے

۲۔ جو ملا ، ہنس کر ملے اس سے خدا حافظ کہا
آج بھی جاری رہی شقِ ریا کل کی طرح
پیر رومی آج پھر نکلے ہیں کس کی کھوج میں
اپنے ہاتھوں میں لئے جلتا دیا کل کی طرح

یا



rtmnuonline.com

NagpurStudy.com

۳۔ تڑپ رہے ہیں زباں پر کئی سوال مگر
مرے لئے کوئی شایانِ التماس نہیں
مجھے یہ ڈر ہے تری آرزو نہ مٹ جائے
بہت دنوں سے طبیعت مری اداس نہیں

۴۔ لو تیز نہ ہوتی تو جلاتے نہ گھروں کو
یہ سارے چراغ آپ کے اکسائے ہوئے ہیں
راہیں بھی بدل جاتی ہیں مستانہ روی میں
جانا تھا کہاں اور کہاں آئے ہوئے ہیں

(ب) درجِ ذیل سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے۔ 6

۱۔ خاں صاحب روپیوں کا حساب کس طرح رکھتے تھے ؟

۲۔ پریشانی کے عالم میں مہارانی گن وتی مہارانا پرتاپ سے کیا کہتی ہے؟

۳۔ شاعر نے اردو زبان میں تذکیر و تانیث کا ذکر کس انداز میں کیا ہے؟

۴۔ باغبان لوگوں کو پھول مفت میں کیوں دے رہا ہے؟

یا

۵۔ غلطی پر معافی نہیں مانگنے سے انسان کیسا ہو جاتا ہے؟

۶۔ غزل کیوں مقبولِ عام ہے؟

۷۔ شاعر نے ساحل سے دور قافلہ لٹنا کیوں کہا ہے؟

۸۔ بکاوَلی اپنا غصہ کس طرح ظاہر کر رہی تھی؟



rtmnuonline.com

NAGPURSTUDY.COM

سوال نمبر۵ : (الف) درج ذیل میں سے کسی ایک رباعی کی تشریح بحوالہ شاعر کیجیے۔ 5

۱۔ ہے گرم ہر ایک سمت بازارِ فنا
ہے دارِ حیات سر بسردارِ فنا
لیکن کیوں کر جہاں کو فانی سمجھوں
ذرّے کو بھی جب نہیں ہے اقرارِ فنا

۲۔ ہر کام محبت سے بنانا سیکھو
انسان کا دکھ درد مٹانا سیکھو
ہے جیت ہی مقصد تو دلوں کو جیتو
دشمن کو بھی سینے سے لگانا سیکھو

(ب) (۱) درج ذیل سوالوں کے مختصراً جواب لکھیے۔ 4

(۱) ناصر کاظمی کا سنِ پیدائش تحریر کرتے ہوئے ان کا ایک شعر لکھئے۔

(۲) مدحت الاختر کی تاریخ پیدائش لکھتے ہوئے ان کے مجموعۂ کلام کے نام تحریر کیجیے۔

(ب) (۲) تلمیح کا کوئی شعر تحریر کرتے ہوئے اس کی وضاحت کیجیے۔ 3

☆☆☆☆☆



rtmnuonline.com